# مختصر جوابات و سوالات

**سوال نمبر۱۔ شاہ ولی اللہ پر چار جملے تحریر کریں۔**

جواب:
- i- شاہ ولی اللہ ۲۱ فروری ۱۷۰۳ء کو پیدا ہوئے۔
- ii- آپ نے قرآن پاک کا فارسی میں ترجمہ کیا۔
- iii- آپ نے مسلمانوں کے آپس کے اختلافات ختم کرنے کی بھرپور کوشش کی۔
- iv- آپ کا انتقال ۱۰ اگست ۱۷۶۲ء میں ہوا۔

**سوال نمبر۲۔ حضرت شاہ عبدالعزیز پر چار جملے تحریر کریں۔**

جواب:
- i- آپ شاہ ولی کے صاحبزادے تھے۔
- ii- آپ نے قرآن پاک کا اردو میں ترجمہ کیا۔
- iii- آپ نے ایک انقلابی پروگرام تشکیل دیا۔
- iv- آپ نے مسلمانوں پر ایک اسلامی معاشرے کے قیام کے لیئے زور دیا۔

**سوال نمبر۳۔ سید احمد شہید کے متعلق چار جملے تحریر کریں۔**

جواب:
- i- آپ رائے بریلی میں ۱۷۸۶ء میں پیدا ہوئے۔
- ii- آپ نے تحریک مجاہدین شروع کی۔
- iii- آپ شاہ ولی اللہ سے بے حد متاثر تھے۔
- iv- آپ کی شہادت ۶ مئی ۱۸۳۱ء کو ہوئی۔

**سوال نمبر۴۔ تحریک مجاہدین کے کوئی سے چار مقاصد تحریر کریں۔**

جواب:
- i- توحید کی دعوت کو عام کرنا۔
- ii- مسلمانوں میں اسلامی تعلیمات کو عام کرنا۔
- iii- مسلمانوں کو ایسے خیالات سے بچانا جو اسلام کے منافی ہوں۔
- iv- مسلمانوں کو غیر اللہ کی عبادت سے بچانا۔

**سوال نمبر۵۔ دو قومی نظریے کی بنیاد کی چار وجوہات بیان کریں۔**

جواب:
- i- مذہبی فرق: ہندو اور مسلمانوں کے مذاہب میں زمین آسمان کا فرق تھا۔
- ii- معاشی فرق: ۱۸۵۷ء کی جنگ کے بعد مسلمانوں کو معاشی پستی کی طرف دھکیل دیا گیا تھا۔
- iii- کانگریس کا رویہ: کانگریس کا رویہ مسلمانوں کے ساتھ انتہائی تعصبانہ تھا۔
- iv- بنگال کی تقسیم: تقسیم بنگال کی ہندو مخالفت کے باعث مسلمانوں اور ہندوؤں کے اختلافات بڑھے۔

**سوال نمبر ۶۔ فرائضی تحریک پر چار جملے تحریر کریں۔ (۲۰۱۰)**

جواب:
i- فرائضی تحریک حاجی شریعت اللہ نے شروع کی۔
ii- اس تحریک کا مقصد بنگالی مسلمانوں کی بحالی تھا۔
iii- اس تحریک سے غیر اسلامی رسومات کے خاتمے میں مدد ملی۔
iv- اس تحریک سے مزارعین کے حقوق کا تحفظ ہوا۔

**سوال نمبر ۷۔ سر سید احمد خان پر چار جملے تحریر کریں۔**

جواب:
i- سر سید احمد خان ۱۷ اکتوبر ۱۸۱۷ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔
ii- آپ ایک عظیم رہنما تھے۔
iii- آپ نے علیگڑھ تحریک شروع کی۔
iv- آپ نے مسلمانوں کو جدید تعلیم سے آراستہ کرنے کے لیئے علی گڑھ یونیورسٹی بنائی۔

**سوال نمبر ۸۔ علی گڑھ تحریک کے چار مقاصد بیان کریں۔ (۲۰۱۲)**

جواب:
i- شعوری بیداری: اس تحریک نے مسلمانوں میں شعوری بیداری پیدا کرنے کی کوشش کی۔
ii- انگریزوں کے ساتھ بہتر تعلقات: اس تحریک کا مقصد انگریزوں کے ساتھ مسلمانوں کے تعلقات کو بہتر بنانا تھا۔
iii- جدید تعلیم: اس تحریک کا مقصد مسلمانوں کو جدید تعلیم کی طرف راغب کرنا تھا۔
iv- سیاسی جھگڑوں سے دوری: اس تحریک کا مقصد مسلمانوں کو سیاسی گٹھ جوڑ سے دور رکھ کر انگریزوں سے تعلقات بہتر بنانا تھا۔

**سوال نمبر ۹۔ دو قومی نظریے پر چار جملے تحریر کریں۔**

جواب:
i- دو قومی نظریہ ہندو اور مسلمانوں کو علیحدہ قومیں بتاتا ہے۔
ii- یہ تحریک پاکستان کی بنیاد بنا۔
iii- اس نظریے کو تمام مسلمان رہنماؤں کی حمایت حاصل تھی۔
iv- پوری جدوجہد آزادی دو قومی نظریے کی بنیاد پر کی گئی۔

**سوال نمبر ۱۰۔ مسلم لیگ کے قیام کی چار وجوہات بتائیں۔**

جواب:
i- دو قومی نظریے سے واضح ہو چکا تھا کہ ہندو اور مسلمان دو علیحدہ اقوام ہیں۔
ii- کانگریس کا رویہ مسلمانوں کے ساتھ انتہائی تعصبانہ تھا۔
iii- گائے کی ذبح پر پابندی لگا دی گئی۔
iv- زبان کا مسئلہ: ہندی اردو فساد نے بھی حالات کو مزید خراب کیا۔

**سوال نمبر ۱۱۔ مسلم لیگ کے قیام کے کوئی چار مقاصد تحریر کریں۔** (۲۰۱۱) (۲۰۱۳)

جواب:
- i- مسلمانوں کے سیاسی حقوق کا تحفظ کرنا۔
- ii- ہندوستان میں آزاد حکومت کی بنیاد ڈالنا۔
- iii- اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ۔
- iv- مسلمانوں کے مطالبات انگریزوں تک پہنچانا۔

**سوال نمبر ۱۲۔ جدوجہد آزادی میں مسلم لیگ کے کردار پر چار جملے لکھیئے۔**

جواب:
- i- مسلمانوں کے حقوق کے تحفظ کے لیئے مسلم لیگ نے عملی اقدامات کیئے۔
- ii- میثاق لکھنؤ کے باعث کانگریس نے مسلمانوں کے علیحدہ تشخص کو تسلیم کیا۔
- iii- مسلمانوں کو اسمبلی میں شمولیت ملی۔
- iv- مرکزی اور صوبائی اسمبلیوں میں مسلمانوں کی نشستوں کی تعداد مخصوص کردی گئی۔

**سوال نمبر ۱۳۔ قائداعظم کے چودہ نکات میں سے کوئی سے چار لکھیئے۔**

جواب:
- i- آئندہ آئین وفاقی طرز کا ہوگا جس میں صوبوں کو زیادہ سے زیادہ خودمختاری دی جائے گی۔
- ii- تمام صوبوں کو ایک اصول پر داخلی خودمختاری دی جائے۔
- iii- مرکزی قانون ساز اسمبلی میں مسلمانوں کی نمائندگی ایک تہائی سے کم نہ ہو۔
- iv- تمام فرقوں کو یکساں اور مکمل مذہبی آزادی حاصل ہو۔

**سوال نمبر ۱۴۔ خطبۂ الہ آباد پر چار جملے تحریر کریں۔**

جواب:
- i- یہ خطبہ ۲۹ دسمبر ۱۹۳۰ء کو ہوا۔
- ii- اس کی صدارت علامہ اقبال نے کی۔
- iii- اس میں پہلی مرتبہ علیحدہ وطن کا مطالبہ کیا گیا۔
- iv- یہ جدوجہد آزادی میں سب سے اہم موڑ تھا۔

**سوال نمبر ۱۵۔ ۱۹۳۵ء کے ایکٹ پر چار جملے لکھیئے۔**

جواب:
- i- یہ ایکٹ انگریز حکومت کی جانب سے دیا گیا۔
- ii- اس میں صوبائی خودمختاری کو اوّلیت دی گئی۔
- iii- اس ایکٹ کے نتیجے میں انتخابات ہوئے جس میں کانگریس کو کامیابی حاصل ہوئی۔
- iv- اس کے نتیجے میں کانگریس نے مسلمانوں کو پستی میں دھکیلنے کی بھرپور کوششیں کیں۔

**سوال نمبر ۱۶۔ قرارداد پاکستان پر چار جملے لکھیئے۔** (۲۰۱۱) (۰۱۳)

جواب:
- i- قرارداد پاکستان برصغیر کی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔
- ii- یہ قرارداد ۲۳/مارچ ۱۹۴۰ء کو لاہور منٹو پارک میں پیش کی گئی۔
- iii- یہ قرارداد مولوی فضل الحق نے پیش کی۔
- iv- اسی قرارداد نے پاکستان کی بنیاد رکھی۔

**سوال نمبر ۱۷۔ کرپس مشن پر چار جملے لکھیں۔**

جواب:
- i- سر اسٹیفورڈ کرپس نے ۲۹/مارچ ۱۹۴۲ء کو چند تجاویز پیش کیں جو کرپس مشن کہلاتی ہیں۔
- ii- ہندو اور مسلمانوں نے اس کی مخالفت کی۔
- iii- اس کے نتیجے میں ہندوستان کے حالات خراب تر ہوگئے۔
- iv- اس میں جنگ عظیم کے بعد قانون ساز اسمبلی بنانے کی تجویز تھی۔

**سوال نمبر ۱۸۔ شملہ کانفرنس پر چار جملے لکھیئے۔**

جواب:
- i- یہ کانفرنس لارڈ ویول نے جون ۱۹۴۵ء کو شملہ میں بلائی۔
- ii- اس میں مسلمانوں کی نمائندگی قائداعظم نے کی۔
- iii- ہندوؤں کی نمائندگی مولانا عبدالکلام آزاد نے کی۔
- iv- قائداعظم نے الیکشن کا مطالبہ کیا جبکہ ہندوؤں نے اس کانفرنس کی مخالفت کی۔

**سوال نمبر ۱۹۔ ۳/جون کے منصوبے پر چار جملے لکھیئے۔**

جواب:
- i- ۳ جون کو وائسرائے نے تقسیم کا نقشہ تیار کیا۔
- ii- ۱۴/اگست کو پاکستان کو اقتدار منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔
- iii- صوبوں کی نئی حدیں مقرر کرنا کمیشن پر چھوڑا گیا۔
- iv- سندھ اسمبلی کو ووٹ کے ذریعے فیصلے کا اختیار دیا گیا۔

**سوال نمبر ۲۰۔ ریڈکلف ایوارڈ پر چار جملے لکھیئے۔**

جواب:
- i- ریڈکلف ایک عام وکیل تھا جسے سرحدوں کے تعین کے لیئے بھیجا گیا۔
- ii- وہ ہندوؤں کے ساتھ مل گیا اور مسلمانوں سے زیادتی کی۔
- iii- اس نے مسلم اکثریت کے کئی علاقے ہندوستان میں شامل کردیئے۔
- iv- اس کی خراب پالیسی کی وجہ سے پاکستان کو کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

**سوال نمبر۲۱۔ تحریک پاکستان میں پنجاب کے کردار پر چار جملے تحریر کریں۔**

**جواب:**
- i- پنجاب آبادی کے لحاظ سے ایک بڑا صوبہ ہے۔
- ii- علامہ اقبال جنہوں نے پاکستان کا تصور پیش کیا پنجاب اسمبلی سے تعلق رکھتے تھے۔
- iii- پاکستان کی قرارداد بھی لاہور میں پیش کی گئی جو کہ پنجاب کا دل کہلاتا ہے۔
- iv- پنجاب کے طالبعلموں نے سول نافرمانی شروع کر کے سرکار کو ہلا ڈالا۔

**سوال نمبر۲۲۔ جدوجہد آزادی میں سندھ کے کردار پر چار جملے لکھیے۔ (۲۰۱۲)**

**جواب:**
- i- سندھ کو باب الاسلام کہا جاتا ہے۔
- ii- مسلم لیگ کی پہلی سالانہ میٹنگ کراچی، سندھ میں دسمبر ۱۹۰۷ء میں ہوئی۔
- iii- ۱۹۴۳ء کو مسلم لیگ کی پہلی کابینہ سندھ میں قائم ہوئی۔
- iv- سندھ مدرسہ کے طالبعلم تحریک آزادی میں صفِ اوّل میں شامل تھے۔

**سوال نمبر۲۳۔ جدوجہد آزادی میں بلوچستان کے کردار پر چار جملے لکھیے۔**

**جواب:**
- i- تقسیم سے قبل بلوچستان نہایت پسماندہ صوبہ تھا۔
- ii- بلوچوں نے پاکستان کی تحریک کی بھرپور حمایت کی۔
- iii- ۱۹۴۷ء میں بلوچی جرگے نے پاکستان میں شمولیت کا فیصلہ کیا۔
- iv- بلوچستان کے قاضی محمد نے مسلم لیگ کی بھرپور حمایت کی۔

**سوال نمبر۲۴۔ جدوجہد آزادی میں سرحد کے کردار پر چار جملے لکھیے۔**

**جواب:**
- i- سرحد پٹھانوں کی سرزمین ہے۔
- ii- سرحد سے سردار اورنگزیب خان نے اس تحریک کی حمایت کی۔
- iii- اسلامیہ اور ایڈورڈ کالج کے طالبعلموں نے تحریک آزادی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔
- iv- سرحد کی خواتین کا ایک ونگ بھی بنایا گیا۔

**سوال نمبر۲۵۔ نظریاتی مملکت کے شہری کی ذمہ داریوں میں سے کوئی سی چار لکھیے۔**

**جواب:**
- i- لوگوں کو اپنی زندگی اسلامی اصولوں کے مطابق گزارنی چاہیئے۔
- ii- لوگوں کو حب الوطنی کا جذبہ دکھانا چاہیئے۔
- iii- لوگوں کو اپنا کام بھرپور ایمانداری اور دیانت سے کرنا چاہیئے۔
- iv- انہیں معاشرے سے برائی ختم کرنے میں حکومت سے تعاون کرنا چاہیئے۔

**سوال نمبر۲۶۔ قائداعظم کی چار خصوصیات لکھیئے۔**

جواب:
- i- قائداعظم انتہائی اصول پسند آدمی تھے۔ ہمیشہ اصولی سیاست کرتے تھے۔
- ii- آپ انتہائی قابل اور ذہین تھے۔ آپ دلیر، ذمہ دار اور انتہائی محنتی تھے۔
- iii- آپ سچائی کو بہت پسند کرتے تھے اور خود بھی سچ کہنے سے ہچکچاتے نہیں تھے۔
- iv- آپ مستحکم جذبات رکھتے تھے۔

**سوال نمبر۲۷۔ بحیثیت گورنو جنرل قائداعظم کی کوئی سی چار خصوصیات لکھیں۔ (۲۰۱۲)**

جواب:
- i- آپ نے قومی سالمیت و یکجہتی پر بہت روز دیا۔
- ii- آپ نے 6.5 ملین مہاجرین آبادکاری کے مسئلے کو بھرپور توجہ دی۔
- iii- آپ نے سرکاری افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے آپ کو عوام کا خادم سمجھیں۔
- iv- انہوں نے بیرونی اور ہمسایہ ممالک کے ساتھ انتہائی دوستانہ روابط پروان چڑھائے۔

**سوال نمبر۲۸۔ ۱۴/اگست ۱۹۴۷ء پر چار جملے لکھیئے۔**

جواب:
- i- یہ وہ تاریخ ہے جب پاکستان کو آزادی حاصل ہوئی۔
- ii- اس دن اسلامی تاریخ ۲۷/رمضان المبارک تھی جو کہ شب قدر مانی جاتی ہے۔
- iii- یہ اللہ کا تحفہ ہے۔
- iv- ہمیں ہمیشہ تاریخوں کے اس اتفاق کو شکرانے کے ساتھ یاد رکھنا چاہیئے۔

**سوال نمبر۲۹۔ علی گڑھ تحریک کی چار اہم شخصیات کے نام لکھیئے۔**

جواب:
- i- نواب محسن الملک
- ii- نواب وقار الملک
- iii- مولانا شبلی نعمانی
- iv- مولانا الطاف حسین حالی

**سوال نمبر۳۰۔ سید احمد شہید کی تحریک بیان کیجئے۔ (۲۰۱۱) (۲۰۰۹)**

جواب:
- i- سید احمد شہید برصغیر میں اسلام کی برتری اور اقتدار اعلیٰ کے احیاء کے لئے اسلامی ریاست کا قیام چاہتے تھے۔
- ii- اسلامی اقتدار اور احیاء کی بحالی کے لئے ان کی تحریک نے پنجاب اور سرحد میں سکھوں کے خلاف جہاد شروع کر دیا۔
- iii- تحریک مجاہدین نے سکھوں کے خلاف پہلی لڑائی اکوڑہ کے مقام پر اور دوسرے لڑائی حضرو میں کامیابی حاصل کی لیکن تیسری لڑائی بالاکوٹ کے مقام پر شکست کھائی اور سید احمد اور شاہ اسماعیل شہید ہو گئے اور تحریک مجاہدین ختم ہو گئی۔
- iv- اسلامی معاشرہ اور ریاست کے احیاء کے لیے عظیم جدوجہد اور کوششوں کے حوالے سے سید احمد شہید اور شاہ اسماعیل شہید یاد رکھے جائیں گے۔